PS+YOU

چانسلر Melissa Aviles-Ramos کی جانب سے

NYC Public Schools

صحت اور تندرستی پر توجہ

معزز اہل خانہ اور رفقاء،

ہم ابھی وسط سرما تعطیلات سے واپس آئے ہیں، اور اپنے نام کے مطابق، یہ ہفتہ واقعی بہت زیادہ سرد تھا اور ہوائیں چل رہی تھیں—لہٰذا ایسا محسوس ہو رہا ہے کہ صحت اور تندرستی پر یہ ایک خاص توجہ دینے کا وقت ہے۔

نیو یارک شہر پبلک اسکولز میں، صحت اور تندرستی کے بارے میں ہمارا جامع اور اختراعی انداز فکر ہے۔ مثال کے طور پر، کیا آپ جانتے ہیں کہ ہمارا دفتر برائے اسکول صحت نے محکمہ صحت اور ذہنی صحت کے ساتھ شراکت قائم کی ہے، ہم بچوں کی دانتوں کی نگہداشت اور بصری تشخیص کرنے کی پیشکش کر رہے ہیں؟ اور ہمارے ذہنی صحت کے کام کے علاوہ 130 سے زائد کمیونٹی پر مبنی تنظیمیں ہیں، ہم تقریباً 215 اسکول پر مبنی ذہنی صحت کلینکس کی معاونت کر رہے ہیں—اور اس سال 20 نئی کلینکس کھول رہے ہیں؟ طلباء کو اسکول نرسوں یا اسکول پر مبنی صحت مراکز کی بھی رسائی حاصل ہے؛ آپ ذیل میں ہمارے چانسلر کا مرکز توجہ (Chancellor's Spotlight) میں ہمارے اسکول نرسوں کے شاندار کام کے بارے میں مزید جان سکتے ہیں۔

طلباء کو تعلیم حاصل کرنے کے لیے، ان کا جسمانی اور جذباتی طور پر صحتمند ہونا ضروری ہے۔ میں نے اس کا خود مشاہدہ کیا ہے، اس وقت سے جب میں ایک استانی اور پرنسپل تھی اور اب بطور ایک نیو یارک شہر پبلک اسکولز والدین کے۔ میں آپ کی اس موسم میں ہماری ویب سائٹ صحتمند رہنے کے مشورے دیکھنے کی حوصلہ افزائی کرتی ہوں، اور اب جب کہ ہم سردی سے بہار کی طرف جا رہے ہیں، آئیں ہم ملکر صحت اور تندرستی کو اپنے ذہن میں اولین ترجیح دیں۔

شراکت میں،

Melissa Aviles-Ramos

چانسلر

چانسلر کا مرکز توجہ (اسپاٹ لائٹ):
پچھلے سات سال سے، Dinah Henry نے بروکلن کے PS 184 میں بطور ایک اسکول نرس کام کیا ہے۔ وہ صحتمند عادات سکھانے اور ان طلباء کو جنہیں دائمی صحت کے مسائل ہیں کی مدد کرنے کے بارے میں پُرجوش ہیں۔ "سب سے زیادہ خوشی کا لمحہ وہ ہوتا ہے"، ان کا کہنا ہے کہ، "جب کسی بچے کی بے انتہا غیر حاضریاں تھیں، ایمرجنسی روم جانا، اور / یا ہسپتال جانا رہتا تھا۔۔۔اسے ایک شاندار حاضری ایوارڈ حاصل کرتے ہوئے دیکھتی ہوں"۔ اس موسم میں، طلباء اور والدین کو ان کی تجویز ہے کہ اکثر اپنے ہاتھ دھوئیں—یہ "روزانہ جراثیم سے مقابلہ کرنے کے لیے سب سے زیادہ اہم قدم" ہے۔

چانسلر کے سپاٹ لائٹ کے لیے کسی فرد یا پروگرام کو یہاں نامزد کریں۔

ہماری مرکزِ توجہ وڈیو:



ترجموں کے لیے، برائے مہربانی ہمارے یوٹیوب پیج پر جائیں۔
ترجمہ شدہ تحریر (سب ٹائٹلز) تک رسائی کے لیے: "CC" کے آئیکان پر کلک کریں۔ "Settings" آئیکان پر کلک کریں اور "Subtitles/CC" منتخب کریں۔ "Auto Translate" منتخب کریں اور اپنی زبان منتخب کریں۔

NYCPS خبریں اور وسائل:

- پری کنڈرگارٹن اور 3K درخواستیں آج، 28 فروری کو بند ہو رہی ہیں۔ مزید جانیں اور درخواست دیں!
- مزید خبروں اور وسائل کے لیے The Morning Bell ملاحظہ کریں یا NYCPS کو آن لائن فیس بک، انسٹاگرام، X، اور یوٹیوب پر فالو کریں۔
- یہاں پر میئر Eric Adams کی ہفتہ وار وڈیو ہے۔ اگر آپ میئر کے دفتر سے براہِ راست تازہ ترین معلومات موصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں تو برائے مہربانی یہاں کلک کریں۔

NYCPS اہلِ خانہ: اگر آپ یہ خبرنامہ مزید وصول نہیں کرنا چاہتے، برائے مہربانی ان سبسکرائب کریں۔